میثم قادری 60

مدنی منی اور منیوں کے نام

تصنیف مبارک

علامہ مفتی فیض احمد اویسی دامت برکاتہم العالیہ

باہتمام

محمد قاسم جلالی

بانی وچیئرمین: ویلکم ویلفیئر ٹرسٹ کراچی

چیف ایڈیٹر: ماہنامہ سبب کراچی

مکتبہ غوثیہ

یونیورسٹی روڈ، بالمقابل عسکری پارک، کراچی۔

فون نمبر: 34926110, 34910584

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الصلاۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

میثم قادری

مرتبہ
ابوالرضا محمد طارق قادری عطاری

محمد قاسم جلالی
(بانی وچیئرمین ویلکم ویلفیئر ٹرسٹ)

مکتبہ غوثیہ
یونیورسٹی روڈ، کراچی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب	مدنی منے اور منیوں کے نام
مرتب	ابوالرضا محمد طارق قادری عطاری
باہتمام	محمد قاسم جلالی (بانی و چیئرمین ویلکم ویلفیئر ٹرسٹ)
کمپوزنگ	غوثیہ کمپوزنگ سینٹر متصل مکتبہ غوثیہ کراچی
پروف ریڈنگ	الحاج سعید احمد سعید قادری
سن اشاعت	اکتوبر 2007ء
تعداد	1100
صفحات	104
قیمت	

بالمقابل مین گیٹ عسکری پارک، متصل دارالعلوم غوثیہ
یونیورسٹی روڈ، کراچی (9221)4910584-4926110

عرضِ ناشر

اچھا نام اچھی شخصیت کی نشاندہی کرتا ہے۔ ہر شخص جسے اچھے نام سے پکارا جائے تو وہ خوش ہوتا ہے اور اگر اُس کو برے نام یا القاب سے پکارا جائے تو برا محسوس کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بچے کا نام تجویز کرنا بھی بہت اہمیت کا حامل ہے کہ زندگی بھر اس کو اس نام سے پکارا جائے گا۔ اب اگر والدین نے بچے کا نام اچھا اور بامعنیٰ رکھا ہے تو وہ بچے کے لئے فائدہ مند اور اگر نام رکھتے وقت اس کی اہمیت کا اندازہ نہ کیا اور برا یا بے معنیٰ و مہمل نام رکھ دیا تو ساری زندگی بچے پر اس کا اثر رہے گا۔

اس کتاب کو جناب ابوالرضا محمد طارق قادری عطاری صاحب نے مرتب کر کے ہمارے لئے پیش کیا ہے۔ اس کتاب میں بچے اور بچیوں کے ڈھیروں نام معنیٰ کے ساتھ موجود ہیں۔ تاکہ جب ہم کسی کا نام رکھیں تو اس کے معنیٰ بھی ہم کو معلوم ہوں۔ لہٰذا اس کتاب کا ہر گھر میں موجود ہونا ضروری ہے تاکہ بوقتِ ضرورت ہم اس سے استفادہ کر سکیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سید الانبیاء والمرسلین

پیشِ لفظ

اکثر و بیشتر یہ بات دیکھنے میں آئی ہے کہ جب کسی کے گھر بچہ یا بچی کی ولادت ہوتی ہے تو پھر اس کا نام رکھنے کا معاملہ درپیش ہوتا ہے۔ لہٰذا بہت سے نام تجویز کئے جاتے ہیں اور پھر اپنی پسند کا کوئی اچھا سا نام رکھ دیا جاتا ہے۔ لیکن اکثر اوقات نومولود کا کوئی ایسا نام رکھا جاتا ہے جس کے معنی بھی معلوم نہیں ہوتے یا پھر یہ بھی علم نہیں ہوتا کہ اسلامی نقطۂ نظر سے بچے کا تجویز کردہ نام درست بھی ہے یا نہیں۔ اور بعض اوقات ایسے نام رکھ دیئے جاتے ہیں جو اشرف المخلوقات انسان پر صادق نہیں آتے۔ اور اس طرح کے نام رکھنے سے بہت سی قباحتیں بعد میں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ بچے یا بچی کا نام رکھتے وقت ان کے ناموں کے معنی وغیرہ معلوم کر لئے جائیں۔

بغیر سوچے سمجھے بچوں کے نام رکھ لینا بعض اوقات بچوں کی شخصیت پر اچھا اثر نہیں ڈالتا۔ بچے کا نام ایسا ہونا چاہیئے کہ جب بچہ بڑا ہو تو اُسے اپنے اچھے نام پر خوشی اور فخر محسوس ہو۔ بسا اوقات بے معنی اور عجیب و غریب نام ہونے پر بچہ اپنا نام بتانے سے بھی شرماتا ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان کو چاہیئے کہ اپنی اولاد کے اچھے اور اسلامی نام رکھے۔

الحمدللہ ! اس کتاب کو مرتب کرنے کا بھی یہی مقصد ہے کہ ہر گھر میں بچوں کے نام رکھنے کا مسئلہ درپیش ہوتا ہے تو اس کتاب کی مدد سے آپ اپنے بچے اور بچیوں کے اچھے اور پیارے نام بغیر کسی پریشانی و دِقت کے رکھ سکتے ہیں۔ اس کتاب میں نام کے آگے اس کا معنی و مطلب بھی لکھے گئے ہیں تا کہ آپ کو اپنے بچوں کے نام کے معنی بھی معلوم ہوں۔

ہر مسلمان کو چاہیئے کہ اس کتاب کو اپنے گھر میں رکھے اور بوقتِ ضرورت اس سے فائدہ حاصل کرے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو اپنے بچوں کے اچھے نام رکھنے کی سعادت عطا فرمائے۔ (آمین)

طالبِ دعائے مدینہ و مغفرت

ابوالرضا محمد طارق قادری عطاری

اچھے اور بُرے نام قرآن و احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں

اَللّٰہ تبارک وتعالیٰ اپنے پاک کلام قرآنِ مجید میں ارشاد فرماتا ہے،

ترجمہ: ''اے ایمان والو نہ مَرد مَردوں سے ہنسیں عجب نہیں کہ وہ اُن ہنسنے والوں سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں سے، دور نہیں کہ وہ اُن ہنسنے والیوں سے بہتر ہوں اور آپس میں طعنہ نہ کرو اور ایک دوسرے کے بُرے نام نہ رکھو، کیا ہی بُرا نام ہے مسلمان ہو کر فاسق کہلانا اور جو توبہ نہ کریں تو وہی ظالم ہیں۔'' (الحجرات، پ۲۶، ۱۱)

اس آیتِ مبارکہ میں ایمان والوں سے خطاب فرمایا گیا ہے کہ مَرد ہو یا عورت کوئی بھی آپس میں ایک دوسرے کا مذاق نہ اُڑائیں نہ کسی کو طعنہ دیں یہاں تک کہ کسی کو بُرے نام سے بھی نہ پکاریں۔ بعض علماء نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ القاب ہیں جن سے کسی مسلمان کی برائی نکلتی ہو اور اس کو ناگوار ہو۔ لہٰذا اے مسلمانوں کسی مسلمان کی ہنسی بنا کر یا اس کو عیب لگا کر یا اس کا نام بگاڑ کر اپنے آپ کو فاسق نہ کہلاؤ۔ (تفسیر خزائن العرفان)

سرکارِ مدینہ ﷺ بُرے ناموں کو تبدیل فرمادیتے تھے:

اللہ کے پیارے محبوب ﷺ اچھے ناموں کو پسند فرماتے تھے اور بُرے ناموں کو تبدیل فرمادیتے تھے چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضور رحمتِ دو عالم ﷺ کی عادتِ کریمہ تھی کہ بُرے نام کو (اچھے نام سے) بدل دیتے تھے۔ (ترمذی)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی ایک بیٹی کا نام عاصیہ تھا۔ حضور سیدِ دو عالم ﷺ نے ان کا نام (بدل کر) جمیلہ رکھ دیا۔ (مسلم شریف)

حضورِ انور ﷺ نے عاصی، عزیز، عتلہ، شیطان، حَکَم، غراب، حباب کو تبدیل فرمادیا۔ احرم کا نام بدل کر زرعہ رکھا، عاصیہ کا نام جمیلہ رکھا اور بَرّہ کا نام زینب رکھا۔ (سننِ داوٗد)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت جویریہ (رضی اللہ عنہا) کا نام بَرّہ تھا رسول اللہ (ﷺ) نے ان کا نام تبدیل کر کے جویریہ رکھ دیا۔ (مسلم)

حدیثِ پاک:

اصحاب سُنَنِ اربعہ نے عبداللہ بن جراد رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ اللہ کے محبوب ﷺ نے فرمایا، اپنے بھائیوں کو ان کے اچھے ناموں سے پکارو، بُرے الفاظ سے نہ پکارو۔

فائدہ: مذکورہ بالا احادیثِ مبارکہ سے معلوم ہوا کہ ہر مسلمان کو بُرے نام سے اجتناب کرنا چاہئے اور ہمیشہ اچھے نام رکھنے چاہیئے۔ نیز کسی کے بُرے نام کو اچھے نام سے تبدیل کردینا سنّت ہے۔

ناموں کو بگاڑ کر پکارنا:

کسی کے نام کو بگاڑ کر نہ پکارا جائے یعنی اصل نام کو چھوڑ کر خود ساختہ جس کو (Nik Name) کہا جاتا ہے سے نہ پکارا جائے۔ کیونکہ نام کا انسانی زندگی پر بہت اثر ہوتا ہے۔ بعض اوقات پیار کا نام اتنا مشہور ہوجاتا ہے کہ اس کا اصل نام ہی لوگوں کو یاد نہیں رہتا۔ مثلاً گڈو، پپو، چھوٹو، مُنّا، گڑیا، مُنّی وغیرہ۔ جب اصل نام سے نہیں پکارا جائے گا تو اس کا اثر انسانی زندگی پر کیسے پڑے گا۔ لہٰذا بچوں کو ان کے اصل نام سے ہی پکارا جائے۔ اور بے تکے وفضول ناموں کے پکارنے سے پرہیز کیا جائے۔

اسی طرح جس کا اصل نام اقبال ہو اُس کو بالا، جس کا نام اکرم اُسے اکو، جس کا نام وقار ہو اُسے وکی، جس کا نام سلمان ہو اُسے سلّو یا خواتین میں جس کا نام نعیمہ ہے اُسے نمو، محمودہ کا مُودی، زبیدہ کو زوبی، روبینہ کو روبی، رابعہ کو رابی، ماجدہ کو مجو وغیرہ کہہ کر پکارتے ہیں یوں بھی نہ کرنا چاہیئے۔

اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ نام

حضرت ابو وہب حُبشی (رضی اللہ عنہ) سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ انبیاء کے نام پر نام رکھو اور اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں۔ اور بہت زیادہ سچے نام حارث اور ہمام ہیں اور بہت بُرے نام حَرب اور مُرّہ ہیں۔ (ابوداؤد شریف)

فائدہ:

اللہ تعالیٰ کے اسمائے حُسنیٰ کے ساتھ "عبد" کا لفظ لگا کر یعنی عبداللہ، عبدالرحمٰن، عبدالصمد، عبدالطیف، عبدالغفار، عبدالاحد، عبدالجبار نام رکھے جا سکتے ہیں اور یہ اسماء اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہیں۔

اسی طرح بُرے اور بے معنی ناموں سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔ مذکورہ بالا روایت میں حرب اور مُرّہ ناموں کو برا کہنے کی وجہ یہی ہے کہ ان کے معنی صحیح نہیں ہیں چنانچہ حرب کے معنی ہیں جنگ و خونریزی اور مُرّہ کے معنی ہیں جھگڑالو اور مُرّہ شیطان کا بھی نام ہے۔

انبیاء کے نام پر نام رکھیں:

بچہ کا نام اچھا رکھا جائے۔ بچوں کے ایسے نام جن کے کچھ معنی نہیں یا ان کے معنی بُرے ہوں اُن ناموں سے بچنا چاہیئے۔ انبیائے کرام (علیھم السلام) کے

اسمائے طیبہ اور صحابہ کرام وتابعین عظام (رضی اللہ عنھم اجمعین اور بزرگانِ دین (رحمھم اللہ) کے نام پر نام رکھنا بہت بہتر ہے۔اور اُمیدؔ ہے کہ ان ناموں کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔

بعض لوگ اپنے بچوں کے نام فلمی اداکاروں کے نام پر رکھتے ہیں یا بعض لوگ اپنے بچوں کا نام رکھتے وقت اس بات کا لحاظ بھی نہیں کرتے کہ جس کے نام پر نام رکھا جارہا ہے وہ اللہ عزوجل اور اس کے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن تو نہیں۔لہٰذا ہر مسلمان کو ایسے ناموں سے بھی مکمل پرہیز کرنا چاہیئے۔

محمد و احمد ناموں کے فضائل

محمد و احمد ناموں کے فضائل میں تو احادیثِ کثیرہ عظیمہ جلیلہ وارد ہیں۔چنانچہ چند احادیثِ مبارکہ یہاں برکت کے لئے عرض کی جاتی ہیں۔

(۱) ابنِ عساکر،حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے راوی ہے کہ سرکارِ ذی وقار صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ''جس کے لڑکا پیدا ہو اور وہ میری محبت اور میرے نامِ پاک سے تبرک کے لئے اُس کا نام ''محمد'' رکھے وہ اور اس کا لڑکا دونوں جنت میں جائیں گے۔

(۲) ابونعیم ''حلیۃ الاولیاء'' میں حضرت نبیط بن شریط (رضی اللہ عنہ) سے راوی ہیں کہ اللہ کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں،

''اللہ عزوجل نے مجھ سے فرمایا، مجھے اپنے عزت وجلال کی قسم جس کا نام تمہارے نام پر ہوگا اُسے دوزخ کا عذاب نہ دوں گا۔''

(۳) دیلمی ''مسند الفردوس'' میں موقوفاً حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ سرکارِ عالم مدار صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا،

''جس دسترخوان پر لوگ بیٹھ کر کھانا کھائیں، اوران میں کوئی محمد نام کا ہو وہ لوگ ہر روز دوبار مقدس کئے جائیں۔''

یعنی جس گھر میں ان پاک ناموں کا کوئی شخص ہو دن میں دو مرتبہ اس مکان میں رحمتِ الٰہی کا نزول ہو۔

(۴) حافظ ابو طاہر سلفی و حافظ ابن بکیر حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزِ قیامت دو شخص اللہ عزوجل کے دربار میں کھڑے کئے جائیں گے، حکم ہوگا انہیں جنت میں لے جاؤ۔ وہ عرض کریں گے، یاالٰہی عزوجل! ہم کس عمل پر جنت کے قابل ہوئے ہم نے تو کوئی کام جنت کا نہ کیا۔ اللہ عزوجل فرمائے گا، ''جنت میں جاؤ کہ میں نے حلف فرمایا ہے کہ جس کا نام احمد یا محمد ہو وہ دوزخ میں نہ جائے گا۔''

نوٹ:

یہ فضائل اس کو حاصل ہونگے جو کہ مومن ہو اور مومن عرفِ قرآن وحدیث و صحابہ میں اُسی کو کہتے ہیں جو سُنّی صحیح العقیدہ ہو۔ بد مذہب و گستاخِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ان فضائل سے دُور کا بھی تعلق نہیں۔

۵: طبرانی کبیر میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے راوی کہ شہنشاہِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں،

''جس کے تین بیٹے پیدا ہوں اور وہ ان میں سے کسی کا نام محمد نہ رکھے ضرور جاہل ہے۔''

۶: ابنِ سعد ''طبقات'' میں حضرت عثمان عمری سے مرسلاً راوی کہ رحمتِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

''تم میں کسی کا کیا نقصان ہے کہ اگر اس کے گھر میں ایک محمد یا دو محمد یا تین محمد ہوں۔''

فائدہ:

اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت الشاہ احمد رضا خان (علیہ الرحمۃ الرحمٰن) فرماتے ہیں،

''فقیر غفر اللہ تعالیٰ لہٗ نے اپنے سب بیٹوں بھتیجوں کا عقیقے میں صرف نام ''محمد''

رکھا۔ پھر نامِ اقدس کے حفظِ آداب اور باہم تمیز کے لئے عرف جدا مقرر کئے۔ بحمد اللہ تعالیٰ فقیر کے یہاں پانچ ''محمد'' اب موجود ہیں۔ اور پانچ سے زائد اپنی راہ گئے۔''

بہتر یہی ہے کہ صرف محمد یا احمد نام رکھا جائے۔ اس کے ساتھ ''جان'' وغیرہ اور کوئی لفظ نہ ملایا جائے کہ فضائل تنہا انہیں اسمائے مبارکہ کے وارد ہوئے ہیں۔ ہاں پکارنے کے لئے کوئی دوسرا اسلامی نام رکھ لیں۔

محمد نام کے فضائل و برکات تب ہی حاصل ہونگے کہ نام صرف محمد ہی رکھا جائے اور پکارنے کے لئے خواہ کوئی اور عرف رکھا جائے۔ اور جب اسکول یا شناختی کارڈ وغیرہ میں نام لکھوایا جائے مثلاً نام محمد عرف محمد اویس رضا یا محمد حمزہ یا محمد فیضان رضا وغیرہ وغیرہ۔

اولادِ نرینہ کے لئے مُجرّب عمل

''فتاویٰ امام شمس الدین سخاوی'' میں ہے ابو شعیب حرانی نے امام عطا (تابعی) رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کی ہے،

''جو چاہے کہ اس کی عورت کے حمل میں لڑکا ہو اُسے چاہیئے اپنا ہاتھ عورت کے پیٹ پر رکھ کر کہے، ان کان ذکرا فقد سمیتہ محمداً (اگر لڑکا ہے تو میں نے اس کا نام محمد رکھا۔) ان شاء اللہ العزیز لڑکا ہی ہوگا۔ (بحوالہ احکامِ شریعت، ص ۸۳)

فائدہ:

جب عورت کا حمل معلوم تو شوہر بعد نمازِ عشاء اُنگلی سے بیوی کے پیٹ پر (بغیر روشنائی کے) ''محمد'' لکھے اور دل میں یہ نیت کرے کہ اب جو بچہ پیدا ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ میں اس کا نام محمد رکھوں گا۔ اور بچے کی پیدائش پر محمد ہی نام رکھے۔ البتہ پکارنے کے لئے عُرف کچھ اور رکھے۔ مثلاً نام محمد اور پکارنے کے لئے بلال وغیرہ۔

جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں:

بزرگانِ اہلسنت اس شخص کو جس کے بچے اسقاط یا جن و آسیب کی وجہ سے زندہ نہ رہتے ہوں اس کو یہ عمل بتاتے ہیں کہ جب حمل ہو تب نماز کے بعد شوہر حاملہ کے پیٹ پر صرف انگلی سے محمد لکھے اور زبان سے یہ کہے کہ اب جو پیدا ہوگا تو اس بچے کا نام محمد رکھوں گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہوگا اور اپنی طبعی عمر پائے گا۔ اس عمل کو بہت حضرات نے کیا اور مُجرّب پایا۔

کُنیت کسے کہتے ہیں:

کُنیت اس دوسرے نام کو کہتے ہیں جو ماں باپ یا بیٹے بیٹی وغیرہ کے تعلق سے بولا جاتا ہے۔ عرب میں کُنیت رکھنے کا رواج عام تھا۔ بعض دفعہ کسی شخص کی کنیت اس کی کسی خوبی یا بُرائی کی وجہ سے بھی مشہور ہو جاتی ہے۔ مثلاً ابوالخیر، ابوجہل وغیرہ۔

سرکارِ مدینہ ﷺ کی کنیت مبارک:

اللہ کے محبوب، دانائے غیوب ﷺ کے بڑے صاحبزادے کا اسم گرامی قاسم تھا۔ اس نام سے آپ ﷺ کی کنیت شریف "ابوالقاسم" تھی۔ لہٰذا کنیت رکھنا سنت ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی کُنیت ابوبکر تھی۔ حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوحفص، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوعبداللہ اور ابوعَمرو تھیں۔ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوالحسن ابوتراب تھیں۔ امام اعظم کی کنیت **ابوحنیفہ** تھی۔ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کی کنیت ابومحمد تھی۔ اعلیٰحضرت امامِ اہلسنت علیہ الرحمۃ کی کنیت ابوالحامد تھی۔ اور میرے آقائے نعمت امیرِ اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی کی کنیت ابوالبلال ہے۔

اورالحمدللہ سنت پر عمل کرتے ہوئے راقم الحروف نے اپنی کنیت ابوالرضا رکھی ہے۔

کون سے نام نہ رکھیں جائیں

مسئلہ:

غفور الدین، غفوراللہ نام رکھنا ناجائز ہے۔ کیونکہ غفور کے معنٰی ہیں مٹانے ولا۔ اللہ عزوجل غفور ہے۔ وہ بندوں کے گناہوں کو مٹاتا ہے۔ لہٰذا غفورالدین کا معنٰی ہوئے دین کا مٹانے والا۔ اور غفوراللہ کا مطلب آپ خود سمجھ لیں۔ اسی طرح غفوراحمد کے معنٰی ہوئے احمد کو مٹانے والا۔ لہٰذا جس اسلامی بھائی کا نام اس طرح کا ہو اس پر لازم ہے کہ وہ اپنا نام تبدیل کرکے اچھا نام رکھے۔

اسی طرح طٰہٰ، یٰسٓ نام بھی نہ رکھے جائیں کہ مقطعاتِ قرآنیہ سے ہیں۔ جن کے معنٰی اور رموز واسرار نازل کرنے والا جانے یا جس ذات گرامی پر نازل ہوئے وہ جانتے ہیں یا جس کو بتائے گئے۔ لہٰذا عوام کو یہ نام نہ رکھنے چاہئے۔

(بہارِ شریعت، حصہ ۱۶)

محمد نبی، احمد نبی، محمد رسول، احمد رسول، نبی احمد، رسول احمد، نبی الزمان، نام رکھنا بھی ناجائز ہے۔ بعض کا نام نبی اللہ بھی سنا گیا ہے۔ غیر نبی کو نبی کہنا ہرگز ہرگز جائز نہیں۔ (بہارِ شریعت حصہ ۱۶)

لہٰذا محمد نبی کی جگہ محمد بخش، احمد نبی کی جگہ احمد بخش، محمد رسول کی جگہ غلام رسول، غلام احمد، نبی الزماں کی جگہ غلام نبی وغیرہ نام رکھے جائیں۔ اس طرح محمد نظیر، نظیر اللہ، نظیر الٰہی نام بھی نہ رکھنے چاہیئے کہ ان کے معنی محمد کی مثل، اللہ کی مثل، الٰہی کی مثل، مشابہ اور مانند کے ہیں۔ لہٰذا ایسے نام رکھنے سے بھی بچا جائے اور اگر کسی کے یہ نام ہوں تو فوراً تبدیل کرلیں۔

عقیقہ کے متعلق احکامات

بچہ پیدا ہونے کے شکرانے میں جو جانور ذبح کیا جاتا ہے اُس کو عقیقہ کہا جاتا ہے۔ حنفیہ کے نزدیک عقیقہ مباح و مستحب ہے۔ (بہارِ شریعت، ص ۱۵)

بچے کے کان میں اذان:

جب بچہ پیدا ہو تو مستحب یہ ہے کہ اُسے غسل دینے کے بعد جلد از جلد اُس کے کان میں اذان و اقامت کہی جائے۔ اذان جس طرح غضبِ الٰہی کو رحمت میں تبدیل اور طوفانی آندھی، بارش، آگ سے نجات اور قبر میں مُردہ کی وحشت کو دور کرتی ہے اِسی طرح شیطان جو کہ بچے کے جسم میں خون کی طرح گردش کرتا ہے۔ ان شاء اللہ عزوجل اذان بچے کو شیطان سے نجات دلائے گی۔ بہتر یہ ہے کہ دائیں کان میں چار مرتبہ اذان اور بائیں کان میں تین مرتبہ اقامت کہی جائے۔

(بہارِ شریعت، حصہ ۱۵)

بچے کے کان میں اذان دینے سے بچہ ''اُمُّ الصبیان'' کے مرض سے محفوظ رہتا ہے۔ (یعنی سوکھے کا مرض پیدا نہ ہوگا)۔ بعض جگہ یہ رواج ہے کہ لڑکا پیدا ہوتا ہے تو اذان کہی جاتی ہے اور لڑکی پیدا ہوتی ہے تو اذان نہیں کہتے۔ یہ ہرگز نہ کرنا چاہیئے بلکہ لڑکی پیدا ہو جب بھی اذان و اقامت کہی جائے کہ شیطانی خلل، جن و آسیب سے بچاؤ اس کو بھی ضروری ہے۔

عقیقہ کا حکم:

ابوداؤد، ترمذی، نسائی نے اُمّ کرز رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ آپ فرماتی ہیں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری۔ اس میں حرج نہیں کہ نر ہو یا مادہ۔

ابوداؤد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسولِ اکرم ﷺ نے حضرت حسن وحضرت حسین (رضی اللہ عنہما) کی طرف سے ایک ایک مینڈھے کا عقیقہ کیا۔نسائی کی روایت میں ہے کہ دو دو مینڈھے ذبح کئے۔

مسئلہ:

لڑکے کے عقیقہ میں دو بکریوں کی جگہ ایک ہی بکری کسی نے ذبح کی تو یہ بھی جائز ہے۔ایک حدیث سے بظاہر ایسا ہی معلوم ہوتا ہے کہ عقیقہ میں ایک مینڈھا ذبح ہوا۔(بہارِ شریعت)

عقیقہ کا مقصد:

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا لڑکا اپنے عقیقہ میں گروی ہے۔ساتویں دن اس کی طرف سے جانور ذبح کیا جائے اور اس کا نام رکھا جائے اور اس کا سر مونڈا جائے۔(ابوداؤد،نسائی،ترمذی)

فائدہ:

گروی ہونے کا یہ مطلب ہے کہ اس سے پورا نفع حاصل نہ ہوگا۔جب تک عقیقہ نہ کیا جائے اور بعض نے کہا بچہ کی سلامتی اور اس کی نشونما اور اس کے اچھے اوصاف ہونا عقیقہ کے ساتھ وابستہ ہے۔(واللہ تعالیٰ اعلم)

حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ لڑکے کے ساتھ عقیقہ ہے۔اُس کی طرف سے خون بہاؤ(یعنی جانور ذبح کرو۔)اور اس سے اذیت دور کرو یعنی اس کا سر مُنڈا دو۔

مسئلہ:

بچے کی پیدائش کے ساتویں دن اس کا نام رکھا جا ۔ ور بچے کی پیدائشی

بالوں کے ضرر سے نجات کے لئے اس کا سر مونڈا جائے اور سر مونڈنے کے وقت عقیقہ کیا جائے۔اور بالوں کے وزن کے برابر اتنی چاندی یا سونا صدقہ کیا جائے اور سر پر زعفران پیس کر لگا دینا بہتر ہے۔(بہارِ شریعت)

عقیقہ کا دن:

عقیقہ کے لئے پیدائش سے ساتواں دن بہتر ہے۔اور اگر ساتویں دن نہ کر سکیں تو جب چاہیں کر سکتے ہیں۔سنت ادا ہو جائے گی۔بعض نے یہ کہا ہے کہ ساتویں یا چودہویں یا اکیسویں دن یعنی سات دن کا لحاظ رکھا جائے۔یہ بہتر ہے اور اگر یاد نہ رہے تب یہ کریں کہ جس دن بچہ پیدا ہو اُس دن کو یاد رکھیں اور اُس سے ایک دن پہلے والا دن جب آئے وہ ساتواں دن ہوگا۔مثلاً جمعہ کے دن بچہ پیدا ہوا تو جمعرات ساتواں دن ہے۔لہٰذا جب بھی عقیقہ کریں تو اُسی دن عقیقہ کریں۔

(بہارِ شریعت)

مسئلہ:

کسی کا عقیقہ نہ ہوا ہو تو وہ بڑا ہو کر خود بھی عقیقہ کر سکتا ہے۔

عقیقہ کے جانور کا حکم:

عقیقہ کا جانور انہیں شرائط کے ساتھ ہونا چاہیئے جیسا کہ قربانی کے لئے ہوتا ہے یعنی اس کی عمر کا، بے عیب ہونے کا، اُس کے استعمال کا اُس کا گوشت فقراء اور عزیز واقارب دوست احباب کو کچا تقسیم کریں خواہ پکا کر بطورِ ضیافت و دعوت کھلایا جائے یہ سب صورتیں جائز ہیں۔(بہارِ شریعت)

فائدہ:

بہتر یہ ہے کہ عقیقہ کے جانور کی ہڈی نہ توڑی جائے بلکہ ہڈیوں سے گوشت اُتار لیا جائے یہ بچے کی سلامتی کی نیک فال ہے۔اور ہڈی توڑ کر گوشت بنایا

گیا تب بھی اس میں حرج نہیں۔ گوشت جس طرح چاہیں پکا سکتے ہیں مگر میٹھا پکایا جائے تو بچے کے اخلاق اچھے ہونے کی فال ہے۔ (بہارِ شریعت)

عقیقہ کا کھانا: مسئلہ:

عوام میں یہ بہت مشہور ہے کہ عقیقہ کا گوشت بچہ کے ماں، باپ اور دادا، دادی، نانا، نانی نہ کھائیں یہ غلط ہے۔ اس کا کوئی ثبوت نہیں۔ (بہارِ شریعت)

البتہ صدقہ کا گوشت وغیرہ اُس گھر والے اور صاحبِ نصاب (یعنی جن پر زکوٰۃ دینا ضروری ہو) وہ نہ کھائے۔

عقیقہ کی دُعا

مسئلہ:

عقیقہ میں جانور ذبح کرتے وقت ایک دُعاء پڑھی جاتی ہے اُسے پڑھ سکتے ہیں اور یاد نہ ہو تو بغیر دعا پڑھے بھی ذبح کرنے سے عقیقہ ہو جائے گا۔ (بہارِ شریعت)

انتباہ: عقیقہ سے پہلے نام رکھ لیا جائے کیونکہ جانور ذبح کرتے وقت قربانی کی دُعاء میں نام کی ضرورت پڑتی ہے۔

لڑکے کے عقیقہ کی دُعاء

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ عَقِیْقَۃُ ابْنِیْ (یہاں پر لڑکے کا نام لیا جائے) دَمُھَا بِدَمِہٖ وَلَحْمُھَا بِلَحْمِہٖ وَشَحْمُھَا بِشَحْمِہٖ وَعَظْمُھَا بِعَظْمِہٖ وَجِلْدُھَا بِجِلْدِہٖ وَشَعْرُھَا بِشَعْرِہٖ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا فِدَآءً لِاّبْنِیْ مِنَ النَّارِ وَ تَقَبَّلْھَا مِنْہُ کَمَا تَقَبَّلْتَھَا مِنْ نَبِیِّکَ الْمُصْطَفٰی وَحَبِیْبِکَ اَحْمَدَ الْمُجْتَبٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ط بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔

لڑکی کے عقیقہ کی دعاء

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ عَقِیْقَۃُ بِنْتِیْ (یہاں پر لڑکی کا نام لیا جائے) دَمُھَا بِدَمِھَا وَلَحْمُھَا بِلَحْمِھَا وَشَحْمُھَا بِشَحْمِھَا وَعَظْمُھَا بِعَظْمِھَا وَجِلْدُھَا بِجِلْدِھَا وَشَعْرُھَا بِشَعْرِھَا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا فِدَآءً لِبُنْتِیْ مِنَ النَّارِ وَ تَقَبَّلْھَا مِنْھَا کَمَا تَقَبَّلْتَھَا مِنْ نَبِیِّکَ الْمُصْطَفٰی وَحَبِیْبِکَ اَحْمَدَ الْمُجْتَبٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ط بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ.

جب شروع سے آخر تک یہ دُعاء پڑھ چکے اور بسم اللہ اللہ اکبر پر پہنچے تو اُسی وقت ذبح کردے اور ذبح کے بعد بچے کے سر پر اُسترا چلے۔ (الوظیفۃ الکریمہ)

اولاد کے حقوق

اللہ عزوجل نے اگرچہ والد کا حق ولد (اولاد) پر نہایت اعظم بنایا ہے یہاں تک کہ اپنے حق کے برابر اس کا ذکر فرمایا کہ "ان اشکرلی ولو الدیک" حق مان میرا، اور اپنے ماں باپ کا۔

مگر ولد (اولاد) کا حق بھی والد پر عظیم رکھا ہے اُن حقوق میں سے کچھ یہاں پر اختصار کے ساتھ عرض کئے جاتے ہیں۔

(۱) سب سے پہلے حق وجودِ اولاد سے بھی پہلے یہ ہے کہ آدمی اپنا نکاح کسی رذیل کم قوم سے نہ کرے کہ بُری رگ ضرور رنگ لاتی ہے۔

(۲) دین دار لوگوں میں شادی کرے کہ بچہ پر نانا ماموں کی عادات وافعال کا بھی اثر پڑتا ہے۔

(۳) جماع کی ابتداء بسم اللہ سے کرے، ورنہ بچہ میں شیطان شریک ہوجاتا ہے۔

(۴) اُس وقت شرمگاہِ زن پر نظر نہ کرے کہ بچہ کے اندھے ہونے کا اندیشہ ہے۔

(۵) زیادہ باتیں نہ کرے کہ بچے کے گونگے یا توتلے ہونے کا خطرہ ہے۔

(۶) کپڑا اوڑھ لیں ورنہ بچّے کہ بے حیاء ہونے کا اندیشہ ہے۔

(۷) جب بچہ پیدا ہو فوراً دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہے۔

(۸) چھوہارا وغیرہ یا کوئی میٹھی چیز چبا کر بچے کے منہ میں ڈالے کہ حلاوتِ اخلاق کی نیک فال ہو۔

(۹) ساتویں روز اگر نہ ہو سکے تو چودہویں ورنہ اکیسویں روز عقیقہ کرے۔ (ورنہ جب بھی کرے ادا ہو جائے گا)

(۱۰) بچہ کا اچھا نام رکھے۔ یہاں تک کہ کچے بچّے کا بھی نام رکھے جو کم دنوں کا گر جائے۔ ورنہ اللہ عزوجل کے یہاں شاکی ہوگا۔

(۱۱) بُرا نام نہ رکھے کہ فالِ بد ہے۔

(۱۲) بچے کو مارنے، بُرا کہنے میں احتیاط رکھے۔

(۱۳) جو مانگے، بروجہء مناسب دے۔

(۱۴) پیار میں چھوٹے لقب پر بے قدر نام نہ رکھے کہ بڑا ہوا نام پھر مشکل سے چھوٹتا ہے۔

(۱۵) ماں خواہ نیک دایہ نمازی شریف القوم سے دو سال تک بچہ کو دودھ پلوائے۔

(۱۶) رذیل یا بد افعال عورت کے دودھ سے بچے کو بچائے کیونکہ دودھ طبیعت کو بدل دیتا ہے۔

(۱۷) بچہ کا نان نفقہ اُس کی حاجت کے سب سامان مہیا کرنا خود واجب ہے۔

(۱۸) بچہ کو پاک کمائی سے پاک روزی دے کہ ناپاک مال ناپاک ہی عادتیں لاتا ہے۔

(۱۹) اللہ تعالیٰ کی ان امانتوں کے ساتھ لطف ومہربانی کا برتاؤ رکھے۔اُنہیں پیار کرے،اُن سے ہنسنے کھیلنے کی باتیں کرے۔

(۲۰) بہلانے کے لئے جھوٹا وعدہ نہ کرے بلکہ اس سے بھی وہی وعدہ جائز ہے جس کے کرنے کا پورا ارادہ ہو۔

(۲۱) اپنے چند بچے ہوں تو جو چیز دے سب کو یکساں دے۔ایک دوسرے پر بے فضیلت دینی ترجیح نہ دے۔

(۲۲) سفر سے آئے تو ان کے لئے کچھ نہ کچھ تحفہ ضرور لائے۔

(۲۳) بیمار ہوں تو ان کا علاج کرائے۔

(۲۴) زبان کھلتے ہی اللہ اللہ پھر لا الہ الا اللہ، پھر پورا کلمہ طیبہ سکھائے۔

(۲۵) جب تمیز آئے تو ادب سکھائے، کھانے پینے، ہنسنے بولنے، اٹھنے بیٹھنے، چلنے پھرنے، حیا، لحاظ، بزرگوں کی تعظیم، ماں باپ استاد کا ادب سکھائے۔

(۲۶) لڑکی کو شوہر کی اطاعت کے طریقے اور آداب بتائے، قرآنِ پاک پڑھائے۔

(۲۷) بعد ختمِ قرآن ہمیشہ تلاوت کی تاکید کرے۔

(۲۸) عقائدِ اسلام وسنّت سکھائے کہ اس وقت کا بتایا پتّھر کی لکیر ہوگا۔

(۲۹) سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و تعظیم ان کے دل میں ڈالے کہ اصلِ ایمان وعین ایمان ہے۔

(۳۰) علمِ دین خصوصاً وضو، غسل، نماز، روزہ کے مسائل وفضائل بتائے۔

(۳۱) پڑھانے سکھانے میں نرمی کو ملحوظ رکھے۔

(۳۲) مارے تو منہ پر نہ مارے۔

(۳۳) زمانۂ تعلیم میں ایک وقت کھیلنے کا بھی دے کہ طبیعت پرنشاط باقی رہے۔

(۳۴) بُری صحبت میں نہ بیٹھنے دے کہ "یارِ بد" مارِ بد سے بدتر ہے۔

(۳۵) سات برس کی عمر سے نماز کی زبانی تاکید کرتا رہے۔

(۳۶) جب بچہ دس برس کا ہو جائے تو مار کر نماز پڑھائے۔

(۳۷) اس عمر سے اپنے یا کسی اور کے ساتھ نہ سُلائے۔ الگ الگ بستروں پر سُلائے۔

(۳۸) جب جوان ہو جائے تو شادی کرے۔ شادی میں وہی رعایتِ قوم و دین و سیرت وصورت ملحوظ رکھے۔

(۳۹) اُسے میراث سے محروم نہ رکھے جیسے بعض لوگ اپنے کسی وارث کو نہ پہنچنے کی غرض سے کُل جائیداد دوسرے وارث یا کسی غیر کے نام لکھ دیتے ہیں۔

(۴۰) اپنے بعدِ مرگ بھی اُن کی فکر رکھے۔ یعنی کم از کم دو تہائی ترکہ چھوڑ جائے۔

اللہ تعالیٰ ہر اولاد کو "حقوقِ والدین" اور ہر والدین کو "حقوقِ اولاد" ادا کرنے کی سعادت عطا فرمائے۔ (آمین) بجاہِ النبی الصادق الامین (صلی اللہ علیہ وسلم)

حصہ اول

مدنی مُنّوں کے نام

ع	عربی
ف	فارسی
اُر	اردو
ت	ترکی
س	سنسکرت
عبر	عبرانی
لا	لاطینی
یو	یونانی
ہ	ہندی

آ

نام	زبان	معنی
آبدار	ف	چمکیلا۔ پانی جیسی چمک۔ شفاف وصاف۔ نفیس
آباد	ف	پُر رونق۔ خوش وخرم۔ سرسبز وشاداب۔ پُر مسرت
آبص	ع	پُر مسرت ہونا۔ خوش وخرم ہونا۔ شاداں وفرحاں ہونا مصمم ارادہ کرنا۔
آثر	ع	بلند مرتبہ۔ بلند وبالا۔ اونچا آسمان
آجر	ع	اجرت دینے والا۔ کام پر لگانے والا
آدم	ع	آدمی۔ انسان۔ زمین کا آدمی۔ سب سے پہلا آدمی۔ حضرت آدم علیہ السلام جن کو ابوالبشر بھی کہا جاتا ہے۔

آرمیدہ	ف	راحت وچین والا۔ آرام والا
آرُب	ع	دانشمند ہونا۔ عقلمند ہونا۔ معاملہ فہم ہونا
آریز	ع	سربراہ۔ لیڈر۔ رہنما۔ قوم کا سردار
آزاد	ف	بَری۔ بے قید فارغ۔ خودمختار
آژمیر	ف	متقی۔ پرہیزگار۔ سمجھدار۔ ہوشیار
آسی	ع	حکیم۔ طبیب۔ معالج
آس	ف	توقع۔ امید
آسودہ	ف	امیر۔ خوشحال۔ مالدار۔ مطمئن۔ دولتمند
آشفتہ	ف	عاشق۔ شیدائی۔ فریفتہ۔ حیران
آصف	ع	لائق۔ قابل۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر جن کا نام آصف بن برخیاہ تھا۔
آغا	ت	مالک۔ حاکم۔ بڑا بھائی۔ آقا
آغر	ت	نیک۔ شریف۔ معروف
آفتاب	ف	سورج
آفندی	ت	بزرگ۔ شریف النفس۔ محترم۔ نیک۔ معزز
آفریدی	ف	پٹھانوں کے ایک قبیلہ کا نام
آفاق	ع	آسمان جیسی وسعت رکھنے والا۔
آمن	ع	آسودہ۔ مطمئن۔ خاطر جمع رکھنے والا۔ پرسکون
آمل	ع	آس۔ امید۔ توقع
آنق	ع	راضی ہونا۔ خوش ہونا
آویز	ف	چاہت۔ پیار۔ محبت۔ انس
آوان	ع	ساعت۔ لمحہ۔ وقت۔ حکم۔ احکام
آئیدون	ت	مبارک دن۔ روشن دن

الف

ابرار	ع	نیک لوگ۔ بھلے لوگ۔ اچھے لوگ۔ متقی لوگ
ابصر	ع	نظر۔ نگاہ۔ آنکھ۔ علم
ابصار	ع	آنکھیں۔ علم و حکمت۔ دانائی
ابتار	ع	عنایت کرنا۔ دینا۔ عطا کرنا
ابراز	ف	راز فاش ہونا۔ ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا۔ عیاں ہونا
ابراھیم	ع	مشہور پیغمبر حضرت ابراہیم علیہ السلام
ابوذر	ع	حضور نبی کریم ﷺ کے مشہور صحابی حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ابسام	عبر	صلح پسند ۔ صلح جو
ابوبکر	ع	خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ابوتراب	ع	مٹی کا باپ۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ کنیت آپ کو حضور ﷺ نے عطا فرمائی تھی۔
اتحاف	ف	سوغات دینا۔ تحفہ دینا۔ ہدیہ دینا
اتصاف	ف	تعریف کیا جانا۔ توصیف کرنا۔ صفت کرنا
اتفاق	ع	سلوک۔ اتحاد۔ دوستی۔ موقع
اثیر	ع	اونچا۔ بلند و بالا۔ عالی۔ آسمان۔ فلک
اجمل	ع	خوبصورت۔ حسین۔ خوبرو
اجلال	ع	شان و شوکت۔ بلند مرتبہ۔ عظمت و رفعت۔ بزرگی
اجواد	ف	عقلمند۔ دانا۔ دانشمند۔ سمجھدار۔ سخی

اجمال	ع	مختصر۔اختصار۔تھوڑا
احد	ع	ایک۔یکتا۔اکیلا۔تنہا۔یگانہ
احسان	ع	نیکی۔بھلائی۔اچھاسلوک۔نیک برتاؤ
احتشام	ع	بزرگی۔شوکت۔جاہ وجلال
احترام	ع	عزت۔قدرت ومنزلت
احمر	ع	سرخ۔لال
احمد	ع	تعریف کیاہوا۔حضور نبی کریم ﷺ کا اسم مبارک
احکم	ع	پختہ۔مضبوط۔پائیدار۔بڑاحاکم۔ٹھوس
احشام	ف	آنکھیں۔دولت۔مال
احسن	ع	نیک۔اچھا۔بہت بھلا۔حسین۔خوبصورت
احباب	ع	دوست۔رفیق۔ساتھی۔جاننے والا
احبار	ع	دانا۔سمجھدار۔دانشمند۔عقل مند
احزم	ع	عقل مند۔دانا۔ہوشیار۔سمجھدار۔مصمم ارادہ والا
احماد	ع	حفاظت رکھنا۔محفوظ رکھنا۔نگہبان ہونا
اخلاص	ع	چاہت۔محبت۔لالچ سے مبرا۔دوستی۔خلوص کی جمع
اختر	ف	قسمت۔نصیب۔ستارہ۔شگون۔مبارک
اختیار	ف	پسند کرنا۔انتخاب کرنا۔حاکمیت۔چننا
اخیار	ع	نیک۔متقی۔پرہیز گار۔خیر کی جمع
ادھم	ف	سیاہ گھوڑا۔بلخ کے حکمران اور مشہور ولی اللہ حضرت ابراہیم ادھم رحمۃ اللہ علیہ۔

نام	زبان	معنی
اخضر	ع	سبز۔ ہرا
اخفش	ع	ابوالحسن نحوی کا لقب جو کہ علم نحو میں ماہر تھے۔
اخزم	ع	ہوشیار۔ دانا۔ عقل مند
ادریس	ع	سکھانے والے۔ تعلیم دینے والے۔ ایک مشہور پیغمبر حضرت ادریس علیہ السلام
اخلاق	ع	خلق کی جمع۔ بول کلام۔ کردار۔ خوش خوئی
اذہان	ع	سوجھ بوجھ۔ سمجھ۔ عقل
اذہاب	ع	سونا۔ گولڈن۔ سنہرا
اذفر	ع	نیک لوگ۔ بزرگ۔ مقبول لوگ۔ برگزیدہ لوگ
ارقم	ع	تحریر کرنے والا۔ لکھنے والا۔ لکھاری۔ حضور نبی کریم ﷺ کے پیارے صحابی حضرت ارقم مخزومی رضی اللہ عنہ
ارشد	ع	نہایت بھلا۔ نیک۔ ہدایت یافتہ
ارحام	ع	رحم کرنے والا۔ نرمی کرنے والا۔ رحم کی جمع
ارفع	ع	بلند مرتبہ۔ عالی مرتبہ۔ اعلیٰ۔ اونچا
ارمان	ع	آرزو۔ تمنا۔ خواہش
ارتضی	ع	پسندیدہ ہونا
ارتضاء	ع	پسند کرنا۔ منتخب کرنا۔ چننا
ارشاد	ع	ہدایت۔ حکم
ارسل	ع	ارسال کرنا۔ روانہ کرنا۔ بھیجنا
ارمغان	ف	ہدیہ۔ سوغات۔ تحفہ

ارجمند	ف	عزت ومرتبہ والا۔صاحب رتبہ۔قدرومنزلت والا
ارسلان	ف	بندہ۔شیر
اریب	ع	دانا۔سمجھدار۔ذی شعور۔عقل مند۔دانشمند
اِردم	ت	حسن سیرت۔نیک کردار
ارباب	ع	نگہبان۔مالک۔پالنے والا
ارتاخ	ع	چست ہونا۔پُرمسرت ہونا۔خوش ہونا
ارتاش	ع	آسودہ حال ہونا۔ خوشحال ہونا
ازہر	ع	منور۔نورانی۔روشن ۔چمکیلا
اِزہار	ف	کلیاں۔شگوفے
اسحاق	عبر	حق پر ثابت قدم۔ایک پیغمبر کا اسم مبارک جو کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے چھوٹے فرزند تھے۔
ازرق	ع	نیلا۔نیلگوں۔آسمانی
ازعم	ع	فرمانبردار۔تابعدار۔مطیع
اُسامہ	ع	اپنائیت کا سلوک کرنے والا۔حضور نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ
اسلام	ع	اطاعت کرنا۔تابعداری کرنا۔فرمانبرداری کرنا۔جھکنا
اسلم	ع	صاف۔سلامت۔محفوظ۔پاکیزہ
اسد	ع	شیر۔حضرت علی رضی اللہ عنہ کا لقب اسد اللہ
اسماعیل	عبر	مسرت۔خوشی۔مسکراہٹ۔تبسم۔دلیر۔بہادر۔حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فرزند حضرت اسماعیل علیہ السلام

اسفار	ف	چمکدار۔ منور ہونا۔ روشن ہونا
اسرار	ع	راز۔ چھپا ہوا۔ بھید
اسید	ع	شیر رکھنے والا۔ سرکارِ مدینہ ﷺ کے پیارے صحابی حضرت عتاب رضی اللہ عنہ کے والد کا نام
اسعد	ع	نیک بخت۔ مبارک۔ خوش نصیب۔ مددگار، ایک صحابی کا نام
اسجل	ع	صاحبِ خیر کرنا۔ صاحبِ برکت ہونا
اسکندر	یو	مشہور یونانی بادشاہ
اسخی	ع	فیاض۔ سخی۔ بہت زیادہ سخاوت کرنے والا
اسود	ع	کالا۔ سیاہ
اسہل	ع	نہایت آسان
اشرف	ع	بزرگ۔ شریف۔ نیک۔ مشہور ولی اللہ سلسلہ اشرفیہ کے بانی حضرت سید اشرف جہانگیر سمنانی قدس سرہ
اشفاق	ع	مہربان۔ کرم کرنے والا۔ شفقت کرنے والا۔ شفیق
اشعر	ع	عقل مند۔ زیرک۔ دانا۔ شاعر۔ سمجھدار۔ دانشمند
اشراف	ع	شرافت والا۔ اعلیٰ خاندان
اشہاد	ع	گواہ۔ شاہد
اشہل	ع	پُرنور۔ چمکدار۔ روشن۔ منور
اشتیاق	ع	لگن۔ تمنا۔ آرزو۔ خواہش۔ شوق
اشہر	ع	بہت زیادہ شہرت والا۔ نامی گرامی۔ مشہور و معروف
اشجع	ع	نہایت دلیر۔ جری۔ بڑا بہادر۔ شجاع

اصباح	ع	صبح۔فجر۔سویرا۔اجالا۔شفق
اصمعہ	ع	فوری سننے والا۔جلدی سننے والا۔تیز تلوار۔تیز شمشیر جبشہ کے ایک حکمران کا نام
اصغر	ع	کمسن چھوٹا
اصمد	ع	مدد کرنا۔سہارا دینا
اصطفاء	ع	چُن لینا۔پسند کر لینا۔برگزیدہ۔بزرگ۔منتخب کرنا
اصفر	ف	پیلا رنگ۔زرد رنگ۔دینار
اطہر	ع	بہت پاک۔صاف۔پاک۔پاکیزہ
اطفان	ع	تسلی بخش۔اطمینان بخش
اِطیب	ع	خوشبودار۔پاکیزہ۔بہت اچھا۔بہت زیادہ پاک
اطراب	ف	خوشی ومسرت کرنا
اظہار	ع	آشکارہ کرنا۔ظاہر کرنا۔واضح کرنا
اظہر	ع	صاف۔منور۔چمکیلا۔روشن۔بہت واضح
اظفر	ع	کامیاب وکامران۔خوشبودار۔فتح مند
اعطاف	ع	مہربانیاں۔عنایات۔شفقتیں۔کرم نوازیاں
اظفار	ع	اظفر کی جمع۔خوشبودار اشیاء۔کامیابیاں وکامرانیاں
ارسلان	ف	بندہ۔شیر
ارشاد	ع	ہدایت۔حکم
ارمغان	ف	سوغات۔ہدیہ۔تحفہ
ارجمند	ف	درمیان میں آنے والا۔بیچ میں آنے والا

اعوان	ع	مددگار۔ معاون۔ حمایت کرنے والے۔ بہت سے حامی
اعزاز	ع	انعام۔ رتبہ۔ عزت۔ مقام۔ مرتبہ
اعجاز	ع	کرامت۔ معجزہ
اعظم	ع	بزرگ۔ بہت بڑا۔ عظیم۔ عالی مرتبت
اعلیٰ	ع	بلند مرتبہ۔ بلند و بالا۔ بہت اونچا
اعتصام	ع	مضبوط پکڑنا۔ مضبوطی سے تھامنا
اعتزاز	ع	عزیز ہونا۔ خوبی
افراسیاب	ف	توران کا ایک بادشاہ
افراح	ف	خوشی کرنا۔ راضی کرنا
افتخار	ع	فخر کرنا۔ مرتبہ۔ عزت۔ فخر کی جمع
افاضل	ع	افضل کی جمع۔ بزرگ۔ علم والا۔ جاننے والا۔ عالم فاضل
افضل	ع	ارفع۔ مبرا۔ اعلیٰ۔ بہترین
افسر	ف	سردار۔ حاکم۔ حکم کرنے والا۔ عہدہ دار۔ تاج دار
افہام	ع	شعور۔ سمجھ۔ عقل۔ دانش
اِفلاح	ع	نیکی کرنا۔ اچھائی کرنا۔ کامیاب و کامران ہونا
افضال	ع	فضل کی جمع۔ بخششیں۔ عنایات۔ مہربانیاں
افراہیم	عبر	نتیجہ خیز۔ پھلدار۔ ہرا بھرا
اقبال	ع	اقرار۔ کامیابی۔ مقدر۔ طالع۔ قسمت۔ خوش نصیبی
اقمر	ع	بہت سفیدی۔ چاند کی مانند۔ دودھیا۔ نہایت روشن
اِفراز	ف	بلندی۔ اونچائی

اقتدار	ع	اختیار۔حکومت۔طاقت
اِقرب	ع	قریب ہونا۔نزدیک ہونا۔پاس ہونا۔قربت
اقدار	ع	قدریں۔قدر کی جمع
اقرار	ع	تسلیم کرنا
اقدم	ع	بہت آگے۔سب سے آگے
اقدس	ع	بزرگ۔پاکیزہ۔بہت پاک۔حرمت والا
اقویٰ	ع	بہت قوی۔زبردست۔طاقتور
اکمل	ع	مکمل۔کامل۔ماہر۔پورا۔مہارت رکھنے والا
اکرام	ع	انعام کرنا۔کرم کرنا۔عنایت کرنا۔مہربانی کرنا۔بخشش کرنا
اکرم	ع	بہت مہربانی کرنے والا۔بہت کرم کرنے والا۔بہت عنایت کرنے والا
اکبیر	ع	اکٹھا کرنے والا۔جمع کرنے والا۔بڑا کرنے والا۔شریف
الیاس	عبر	اللہ تعالیٰ کے محبوب پیغمبر کا نام۔امیر اہلسنت امیر دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا الیاس عطار قادری مدظلہ العالی کا نام
التماس	ع	گزارش۔غرض
الطاف	ع	عنایات۔کرم نوازیاں۔مہربانیاں۔لطف کی جمع
الطف	ع	نہایت پاکیزہ۔پاک صاف۔نازک۔بہت لطیف
الماس	ع	شفاف ہیرا
امان	ع	حفاظت۔پناہ
امتیاز	ع	تمیز کرنا۔فرق کرنا۔پرکھنا

امانت	ع	تحویل۔ کسی کی سپردکی ہوئی شے
امین	ع	امانت دار۔ حضورتاجدارمدینہ ﷺ کالقب مبارک
امداد	ع	دستگیری کرنا۔ مدد کرنا۔ اعانت کرنا۔ مدد کی جمع
امعان	ع	تیزنظر۔ گہری نگاہ۔ دوربین۔ غوروفکر
امیم	ع	امامت کرنے والا۔ رہنما۔ پیشوا۔ ہدایت کرنے والا
امید	ف	توقع۔ آس
امجد	ع	بزرگ۔ نیک۔ شریف
انجم	ع	نجم کی جمع۔ ستارے
انتظار	ع	راہ دیکھنا
انتخاب	ع	منتخب کرنا۔ پسند کرنا۔ چننا
انیس	ع	غمگسار ۔ انس رکھنے والا۔ محبت رکھنے والا۔ ہمدرد
انظر	ع	نظر رکھنے والا۔ دوربین۔ دھیان رکھنے والا۔ نگاہ رکھنے والا
انیق	ع	خوب۔ خوش آئند۔ نایاب۔ نادر۔ قیمتی
انور	ع	زیادہ چمکدار۔ صاف۔ روشن۔ منور۔ بہت واضح
انوار	ع	چمکانے والا۔ منور کرنے والا۔ روشن کرنے والا
انثال	ع	بلندوبالا۔ بلندمرتبہ۔ بہت اونچا
انعام	ع	کرم ہونا۔ عنایت ہونا۔ صلہ
انظام	ف	سجاوٹ کرنا۔ ترتیب دینا۔ آرائش کرنا۔ آراستہ کرنا
اِنشاء	ف	عبارت۔ تحریر۔ مضمون
انکسار	ف	عاجزی۔ عجز۔ خاکساری

نام	زبان	معنی
انبساط	ف	راحت۔ شادمانی۔ خوشی۔ کشادگی۔ خوش ہونا
اَنس	ع	سماعت کرنا۔ آواز سننا۔ شہنشاہِ مدینہ ﷺ کے پیارے صحابی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جن کو حضور ﷺ نے ابوحمزہ کی کنیت مرحمت فرمائی تھی
انضمام	ع	مل جانا۔ متصل ہونا
اویس	ع	عطا کردہ۔ بزرگ۔ عاشق رسول (ﷺ) حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ
اوج	ع	عروج۔ مرتبہ۔ بلندی۔ اونچائی۔ شان
اوصاف	ع	صفات۔ تعریف۔ وصف
اورنگزیب	ف	جسے تخت شاہی موزوں ہو
ایوب	عبر	اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ پیغمبر حضرت ایوب علیہ السلام کا نام
ایقان	ع	یقین کرنا۔ یقین ہونا۔ اعتبار کرنا
ایاز	ع	سلطان محمود غزنوی کے ایک غلام کا نام جن کا مزار لاہور میں ہے
ایثار	ع	قربانی۔ ترجیح دینا
ایجاب	ف	قبول کرنا۔ اقرار کرنا
ایمل	ت	خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ ایک نام
ایقاظ	ع	بیدار کرنا۔ جگانا
ایلیا	عبر	ارفع۔ اعلیٰ۔ اونچا۔ راست گو۔ سچا

ب

باقر	ع	شیر۔ بہت بڑا عالم۔ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے
بازِف	ع	فخر کرنا۔ مان کرنا۔ ناز کرنا
باقی	ع	زندہ جاوید۔ ہمیشہ رہنے والا۔ لافانی۔ بچا ہوا۔ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ کے مرشد باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ
باسم	ع	تبسم کرنے والا۔ ہنسنے والا۔ ہنس مکھ۔ مسکرانے والا
بابر	ت	شیر
باسط	ع	فراخی دینے والا۔ کھولنے والا۔ وسعت دینے والا
باصر	ع	آنکھوں والا۔ دیکھنے والا۔ نظر والا۔ بینائی والا۔ نگاہ والا
باری	ع	پیدا کرنے والا۔ خالق۔ تخلیق کرنے والا
باذِل	ع	سخی۔ دینے والا۔ عطا کرنے والا
بارِز	ع	عیاں ہونا۔ آشکار۔ غالب ہونا۔ ظاہر ہونا
بارق	ع	منور۔ چمکدار۔ روشن۔ تاباں
بایزید	ف	مشہور ولی اللہ سید الطائفہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ
باشی	ت	امیر۔ سردار۔ افسر۔ سربراہ
باہُو	ع	چھڑی۔ عصا۔ مشہور ولی اللہ حضرت سلطان باہُو رحمۃ اللہ علیہ جن کا مزار شورکوٹ جھنگ میں ہے
بخت	ع	اقبال۔ نصیب۔ قسمت

بخش	ف	عطا کرنے والا۔ تقسیم کرنے والا۔ دینے والا
بختیار	ف	مقدر والا۔ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ قسمت والا۔ مشہور ولی اللہ حضرت قطب الدین بختیار کا کی رحمۃ اللہ علیہ
بختاور	ف	مقدر والا۔ خوش قسمت۔ اقبال مند۔ صاحب نصیب
بدیع	ع	موجد۔ ایجاد کرنے والا۔ بنانے والا۔ نئی بات۔ نرالا۔ نادر۔ انوکھا۔
بدر	ع	چودھویں کا چاند۔ مکمل چاند
بذل	ع	عنایت کرنا۔ خرچ کرنا۔ عطا کرنا۔ بخشش کرنا۔ انعام
برکت	ع	فضل۔ اضافہ۔ زیادتی۔ نعمت ملنا۔
بُرہان	ع	حجت۔ دلیل۔ نشانی۔ مثال
بریق	ع	چمکیلا۔ تاباں۔ منور۔ روشن
بسالت	ع	بہادری۔ شجاعت۔ جراءت۔ دلیری
بسام	ع	بہت مسکرانے والا۔ ہنس مکھ۔ بہت تبسم والا۔ خوش شکل
بشِارت	ع	مژدہ۔ الہام۔ خوشخبری
بشیر	ع	خوشخبری دینے والا۔ خوشی کی خبر دینے والا۔ رسول اللہ ﷺ کا ایک اسم مبارک
بصیر	ع	دیکھنے والا۔ بینا۔ دانا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام
بکر	ع	آگے بڑھنا۔ سامنے کی طرف بڑھنا
بلال	ع	فتح مند ہونا۔ جیتا ہوا ہونا۔ اسلام کے سب سے پہلے مؤذن اور مشہور عاشق رسول (ﷺ) حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ

بلاول	ہ	گانے کا ایک سُر۔ایک ولی اللہ حضرت شاہ بلاول قادری رحمۃ اللہ علیہ
بلیغ	ع	بہترین۔فصیح۔مکمل۔پورا۔کامل
بنیامین	ع	حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو حضرت یوسف علیہ السلام کے سگے بھائی تھے۔
بہروز	ف	مبارک۔ایک نام
بہادر	ف	دلیر۔جری۔نڈر۔شجاع
بہرام	ف	مریخ سیارہ۔یاقوت۔
بہاء	ع	رونق۔چمک۔زیبائی۔روشنی۔ملتان کے مشہور ولی اللہ حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ۔
بہرہ ور	ف	خوش قسمت۔مقدر والا۔کامیاب۔قسمت والا
بہزاد	ف	نیک۔نیک ذات۔اصل
بہلول	ع	ہنس مکھ۔خنداں رو۔پیشوائے قوم۔خلیفہ ہارون الرشید کے عہد کے مشہور ولی اللہ حضرت بہلول دانا رحمۃ اللہ علیہ
بہراض	ف	سرخ یاقوت
بوستان	ف	بہت سے پھول۔گلستان۔باغ
بیدار بخت	ف	مقدر والا۔خوش قسمت۔جاگی ہوئی قسمت والا
بیرم	ف	جشن۔بہت زیادہ خوشی۔عید۔پرمسرت موقع

پاشا	ف	سربراہ۔امیر۔حاکم۔سردار
پارس	ف	اکسیر۔ایک پتھر کا نام
پاسبان	ف	دھیان رکھنے والا۔رکھوالا۔محافظ۔نگہبان
پائندہ	ف	ٹھہرنے والا۔جما ہوا۔قائم۔مضبوط
پُردل	ف	دلیر۔بہادر۔نڈر۔جری۔شجاع
پرطاس	ف	طاقتور
پیروز	ف	مبارک۔فتح مند۔کامیاب
پژمان	ف	چاہت۔آرزو۔تمنا۔خواہش
پُرتاب	ف	طاقتور۔صحت مند۔مضبوط۔قوی

ت

تابش	ف	گرمی۔حرارت۔چمک۔روشنی
تائق	ف	اشتیاق رکھنے والا۔شوق رکھنے والا۔شوقین
تابدار	ف	منور۔چمکیلا۔چمکنے والا۔روشن
تانیس	ف	اطاعت۔عبادت۔الفت۔محبت۔پیار
تارض	ع	جم کر رہنا۔مضبوطی سے قائم رہنا
تارز	ع	قوی۔توانا۔مضبوط۔طاقتور
تاشفین	ع٭	ہمدرد لوگ۔مہربان لوگ۔غم خوار لوگ۔غمگسار لوگ۔مشہور
تاشِف	ع	شفیق۔ہمدرد۔مہربان۔غمگسار

تاثیر	ع	نشان۔عمل۔خواص۔اثیر۔نتیجہ
تائب	ع	گناہ نہ کرنے کا عہد کرنے والا۔توبہ کرنے والا
تاباں	ف	چمکیلا۔روشن۔منور۔درخشاں
تاشیل	ف	مضبوط۔قوت۔طاقت
تبارک	ع	بزرگ۔عالی۔عظیم۔بلندمرتبہ۔برکت والا
تبصیر	ف	روشن کرنا۔منور کرنا
تبریک	ع	برکت۔مبارکباد دینا۔مبارک پیش کرنا
تبسم	ع	مسکرانا۔مسکراہٹ
تبشیر	ع	خوشخبری دینا۔خوشی کی خبر سنانا
تبیان	ع	روشن کرنا۔عیاں کرنا۔ظاہر کرنا۔واضح کرنا
تتمیر	ف	فائدہ پانا۔نفع پانا۔میوہ چننا۔پھل چننا
تثمیر	ف	صحت مند ہونا۔خوشحال ہونا
تتمیم	ع	مکمل۔کامل۔اکمل۔پورا کرنا
تجمل	ع	زینت۔آرائش۔زیبائش۔شان وشوکت
تجمیل	ع	آراستہ کرنا۔سجانا۔زیبائش کرنا۔آرائش کرنا
تحسین	ع	ستائش کرنا۔سراہنا۔تعریف کرنا۔توصیف کرنا
تحفیظ	ف	تعریف کرنا۔یاد کرنا۔توصیف کرنا۔ستائش کرنا
تحمید	ع	تعریف کرنا۔حمد کرنا۔صفت بیان کرنا۔توصیف کرنا
تحذیق	ع	سمجھدار ہونے کا دعویٰ کرنا۔عقلمندی کا دعویٰ کرنا
تحذیر	ع	ہوشیار ہونا۔خبردار ہونا۔چوکنا ہونا

تحکیم	ع	طاقت۔قوت۔حکم
تحلیم	ع	حلیم ہونا۔نرم طبع ہونا۔انکساری۔بردباری
تراب	ع	مٹی۔خاک۔زمین۔حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوتراب
ترقیم	ع	تحریر۔لکھنا۔رقم کرنا
تزئین	ع	زیبا ہونا۔مزین ہونا۔آراستہ ہونا
تذکیر	ع	یاددلانا۔نصیحت کرنا
تزاہر	ع	روشن ہونا۔درخشاں۔منور ہونا۔چمکنا
تسکین	ع	آرام۔اطمینان۔راحت۔سکون
تسنیم	ع	جنت کی ایک نہر کا نام
تسلیم	ع	سلام کرنا۔آداب کرنا۔سلامت رکھنا۔گردن جھکانا۔ماننا۔سونپنا
تسہیل	ع	آسان کرنا۔سہل کرنا۔آسانی
تسمیم	ع	مضبوط۔ٹھوس
تصمیم	ع	پکا کرنا۔مضبوط کرنا۔خالص کرنا
تصور	ف	سوچ۔خیال
تصدق	ع	صدقہ دینا۔نچھاور ہونا۔قربانی دینا
تصدیق	ع	سچ بتانا۔حقیقت کہنا۔اثبات۔درست۔صحت
تصویب	ع	سچ کہنا۔ٹھیک رکھنا۔درست رکھنا
تطہیر	ع	منزہ کرنا۔پاک کرنا۔صاف کرنا
تعظیم	ع	تکریم۔عزت۔ادب۔بزرگی۔احترام

تقویم	ع	ٹھیک کرنا۔ تصیح کرنا۔ درست کرنا۔ قائم کرنا
تقدس	ع	پاک۔ پاکیزگی۔ پارسائی
تقی	ع	پرہیزگار۔ پاکیزہ
تلام	ع	خدمت کرنے والا۔ اطاعت کرنے والا۔ فرمانبرداری کرنے والا
تمدیح	ع	بہت توصیف کرنا۔ بہت مدح کرنا۔ بہت ستائش کرنا۔ بہت تعریف کرنا
تمجید	ع	بزرگی۔ بڑائی۔ فضیلت
تمویل	ع	دولت مند کرنا۔ مالدار کرنا
تمیم	ع	لمبے قد والا۔ مضبوط۔ توانا۔ مشہور صحابی حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ
تمدین	ع	اچھے حال میں ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔ خوشحال ہونا
تمکین	ع	رتبہ۔ مرتبہ۔ طاقت۔ ہمت۔ زور
تنویر	ف	نور۔ چمک۔ روشنی
تنصیف	ع	آدھا کرنا۔ نصف کرنا
تنزیل	ع	اتارنا۔ نزول کرنا۔ نازل کرنا
تنشیط	ع	خوش کرنا۔ باغ باغ ہونا
تنویل	ع	عطا کرنا۔ دینا۔ عنایت کرنا
توثیق	ع	سخت کرنا۔ مصمم کرنا۔ مضبوط کرنا۔ پکا کرنا
تواب	ع	توبہ قبول کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام
توکل	ع	اعتماد۔ بھروسہ۔ یقین کامل۔ تکیہ کرنا۔ مان کرنا
توصیف	ع	وصف بیان کرنا۔ صفت بیان کرنا۔ اچھائی بیان کرنا۔ خوبی

		بیان کرنا۔تعریف کرنا
توفیق	ع	حوصلہ۔طاقت۔ہمت
توحید	ع	ایک ماننا۔واحد ماننا۔ایک سمجھنا۔وحدانیت
توضیح	ع	چمک۔نور۔روشنی
توقیر	ع	احترام۔عزت۔تعظیم۔تکریم۔وقعت۔ادب
تہام	ع	بہادر۔شجاع۔نڈر۔دلیر۔جری۔مضبوط
تہامی	ع	حضور نبی کریم ﷺ کا لقب مبارک۔مکہ مکرمہ کو تہام بھی کہتے ہیں۔
تہذیب	ع	شائستگی۔آراستگی۔انسانیت۔صفائی۔درست کرنا
تیمور	ت	فولاد
تیمّن	ع	تبرک۔برکت حاصل کرنا

ث

ثابت	ع	سچا۔یقین۔پورا۔مستقل۔مضبوط۔قائم۔مکمل۔بھروسہ۔ برقرار۔مشہور صحابی رسول (ﷺ) حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ
ثانی	ع	دوسرا۔دوم۔ہمسر۔مقابل۔ہم پلہ
ثادق	ع	گھٹا۔بادل۔ابر باراں۔بارش والا بادل
ثاقب	ع	چمکیلا۔چمک والا۔روشن۔منور۔درخشاں
ثالث	ع	فیصلہ کرنے والا۔پنچ
ثبات	ع	پائیداری۔پختگی۔مضبوطی۔قرار
ثروت	ع	مال وزر۔دولت
ثقلین	ع	دونوں جہاں۔دوگروہ۔دو مخلوق یعنی انسان اور جن

ثقابت	ع	چمکیلا۔ روشن۔ منور
ثقیف	ع	چست۔ چمکیلا۔ منور
ثمال	ع	کارگزار انسان۔ فریادرس
ثمین	ع۔ف	قیمتی۔ بیش قیمت۔ گراں بہا
ثمر	ع	پھل۔ انجام۔ نتیجہ
ثناءاللہ	ع	اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے والا
ثوبان	ع	لوٹنا۔ پلٹ آنا۔ واپس آنا۔ صحابی رسول (ﷺ) حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ۔
ثوری	ع	قبیلہ ثور سے تعلق رکھنے والا، مشہور ولی اللہ حضرت سفیان ثوری رضی اللہ تعالیٰ

ج

جابر	ع	جبر کرنے والا۔ زبردست۔ مشہور صحابی حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ
جاول	ع	لڑنے والا۔ جنگجو
جاسر	ع	آگے بڑھنے والا۔ بہادر۔ دلیر۔ نڈر۔ جری۔ شجاع
جامع	ع	اکٹھا کرنا۔ حاوی۔ جمع کرنا
جامی	ع	جام سے تعلق رکھنے والا۔ مشہور بزرگ اور مصنف مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ
جازم	ع	پکا ارادہ کرنے والا۔ مضبوط ارادہ کرنے والا
جاسم	ع	طاقتور۔ مضبوط۔ تنومند۔ توانا۔
جائش	ع	نفیس۔ عمدہ۔ اعلیٰ

جاذل	ع	سیدھا کھڑا ہونے والا۔ خوش وخرم
جاذب	ع	پرکشش۔ جذب کرنے والا
جبران	ع	تلافی۔ موازنہ۔ تاوان۔ عوض۔ معاوضہ
جبار	ع	جبر کرنے والا۔ ٹوٹے کو جوڑنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا اسمائے حُسنیٰ میں سے ایک نام
جبیر	ع	زبردست۔ جابر
جزیل	ف	پائیدار۔ مضبوط۔
جروان	ع	خوگر۔ عادی
جرید	ف	پیغام رساں۔ پیامبر۔ نامہ بر۔ قاصد
جرار	ع	شجاع۔ بہادر۔ دلیر۔ جری۔ کھینچنے والا
جزاکت	ع	خوبی۔ پائیداری۔ مضبوطی۔ بزرگی۔ بڑائی
جذلان	ف	شاداں وفرحاں۔ پُرمسرت۔ خوش وخرم
جذول	ع	شادمان۔ پُرمسرت۔ خوش رہنے والا
جسیم	ع	موٹے جسم والا۔ بڑی جسامت والا
جعفر	ع	ندی۔ نالہ۔ مشہور صحابی حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کے ساتھ مسلمانوں نے حبشہ ہجرت کی تھی یہ حضور نبی کریم ﷺ کے چچازاد بھائی بھی تھے۔
جلال	ع	بزرگی۔ بڑائی۔ عظمت۔ مشہور ولی اللہ مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ جن کا مزار قونیہ میں ہے
جلیل	ع	معزز۔ بڑا۔ اعلیٰ۔ بزرگ

جلیس	ف	حبیب۔ ساتھی۔رفیق۔دوست۔ہم نشین
جلاء الدین	ع	دین کی چمک۔دین کی رونق
جمیل	ع	شکیل۔خوبصورت۔حسین
جمشید	ف	فارس کے ایک بادشاہ کا نام۔فارس پر اس کی حکومت حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے آٹھ سو سال پہلے قائم تھی۔
جماش	ف	دلیر۔جری۔نڈر۔بہادر۔شجاع
جمال	ف	حسن۔خوبصورتی
جنان	ع	دل۔قلب۔جنت۔بہشت
جندل	ع	وزنی پتھر۔بڑا پتھر
جنید	ع	پرہیزگار۔نیک۔عبادت گزار۔مشہور ولی اللہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ کے بھانجے تھے
جوہر	ع	ایک قیمتی پتھر۔لعل۔خوبی۔حاصل
جواد	ع	عطا کرنے والا۔بانٹنے والا۔سخی۔دینے والا۔تقسیم کرنے والا
جہانگیر	ف	جہان کو فتح کرنے والا۔دنیا کو فتح کرنے والا
جہانزیب	ف	دنیا کی زیبائش کرنے والا۔دنیا کی سجاوٹ کرنے والا

چ

چاند	اُر	قمر۔ماہتاب
چاش	ف	میٹھا۔شیریں۔مٹھاس
چراغ	ف	دِیہ۔شمع
چراغدین	ف۔ع	دین کی شمع۔دین کا چراغ۔دین کا دیا
چمن	ف	باغ۔گلستان
چشیدہ	ف	ماہر۔تجربہ کار
چیدہ خان	ف۔ت	منتخب رئیس۔چنا ہوا رئیس

ح

حاتم	ع	بہادر۔دلیر۔سخی۔عرب کے ایک مشہور سردار کا نام جو اپنی سخاوت اور بہادری کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے
حامد	ع	حمد کرنے والا۔تعریف کرنے والا۔صفت بیان کرنے والا
حاکم	ع	حکومت کرنے والا۔سردار۔امیر۔رئیس
حاذق	ع	ماہر۔کامل۔تجربہ کار۔دانا۔عقلمند۔یکتا
حاذر	ع	چوکس۔ہمہ وقت تیار۔مستعد
حاجب	ع	دربان۔رکھوالا۔پہریدار
